تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان (رجسٹرڈ)
8- راوی پارک
راوی روڈ، لاہور

# معادلہ سرٹیفیکیٹ "شهادة العالمية"

**الحمدللہ العظیم!** محکمہ ہائر ایجوکیشن کمیشن تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان سے جاری شدہ ڈگری **"شهادة العالميه"** کو **"ایم اے عربی و اسلامیات"** کے مساوی تسلیم کرتا ہے جس کے لیے حاملینِ اسناد عالیہ/ عالمیہ کی بنیاد پر سندِ معادلہ کے لیے درخواست جمع کروانا ہوگی۔

لہٰذا مدارسِ دینیہ کے فاضلین و فاضلات جنہوں نے 16 سالہ تعلیم مکمل کر لی ہو اور تعلیمی بورڈ تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے تحت درجاتِ اربعہ (**ثانويه عامه، ثانويه خاصه، شهادة عاليه ، شهادة عالميه**) کے امتحانات میں کامیابی کے بعد اسناد حاصل کر چکے ہیں اور اعلیٰ تعلیم کے حصول/سرکاری ملازمت کے خواہش مند ہوں تو درج ذیل طریقہ کار و ہدایات کے مطابق محکمہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (**HEC**) سے سندِ معادلہ (Equivalence Certificate) کے حصول کے لیے درخواست جمع کروائیں۔

## شہادۃ العالمیہ (ایم اے عربی و اسلامیات) کی بنیاد پر سند معادلہ کا مرحلہ وار طریقہ کار

### پہلا مرحلہ: **ابتدائی لوازمات:-**

1- اُمیدوار کے پاس عامہ تا عالمیہ تمام اصل دستاویزات (رزلٹ کارڈز و اسناد) موجود ہوں
2- تمام تعلیمی دستاویزات پر **نام** ، **ولدیت** اور **تاریخ پیدائش** کا اندراج قومی شناختی کارڈ کے مطابق ہو
3- درجہ ثانویہ عامہ (سال دوم) کے نتیجہ اجرائیگی تک اُمیدوار کی عمر کم از کم چودہ برس ہو
4- عامہ تا عالمیہ تمام درجات کی اسناد میں دو سالہ وقفہ ہونا لازمی ہے
5- اُمیدوار اپنے درست کوائف کے ساتھ **IBCC** کا فارم پُر کر لے
6- **HEC** کا جاری کردہ معادلہ فارم مکمل پُر کر کے اپنے متعلقہ جامعہ (جہاں سے عالمیہ پاس کیا ہے) سے تصدیق کروالیں

### دوسرا مرحلہ: **تصدیقات و این او سی:-**

درج ذیل لوازمات کے ہمراہ دستی/ بذریعہ ڈاک دفتر تنظیم المدارس سے اَسناد و نتیجہ کارڈز کی تصدیقات و این او سی جاری کروائیں

1- درجہ عامہ تا عالمیہ تمام درجات کے اصل رزلٹ کارڈز و اسناد
2- اُمیدوار کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی (2 عدد)
3- تمام تعلیمی دستاویزات کی نقول (عامہ و خاصہ 2/2 عدد ، عالیہ و عالمیہ 1/1 عدد)
4- درجہ عامہ تا عالمیہ "رزلٹ کارڈز و اسناد" کے مطابق تصدیق نامہ/ NOC کا اجراء
5- **IBCC** میں کیس جمع کروانے کے لیے اُمیدوار کو تصدیق شدہ لفافہ میں دستاویزات کا سیٹ فراہم کیا جائے گا جسے کھولے بغیر جمع کروانا ہوگا

**نوٹ:** تنظیم المدارس میں عامہ تا عالمیہ تمام اَسناد و رزلٹ کارڈز (اصل کاغذات ، فوٹو کاپیاں ، این او سی) کی تصدیقات کیلئے مجموعی فیس مبلغ 2200 روپے ہے مقررہ فیس دفتر شعبہ اکاؤنٹس میں نقدیا تنظیم المدارس کے **UBL** بنک اکاؤنٹ نمبر **0161-200636452** میں بذریعہ آن لائن جمع کروا سکتے ہیں

## تیسرا مرحلہ: انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین سے تصدیقات:-

دفتر تنظیم المدارس سے مرحلہ تصدیقات کے بعد IBCC سے تصدیق کے لیے درج ذیل اشیاء پر مشتمل سیل شدہ مصدقہ لفافہ فراہم کیا جائے گا

1- اُمیدوار کا حل شدہ IBCC فارم

2- اُمیدوار کے شناختی کارڈ کی نقل

3- عامہ وخاصہ اصل اسناد مع فوٹو کاپیاں (مصدقہ از تنظیم المدارس)

4- غیر ملکی/ افغان طلبہ کے پاسپورٹ اور ویزا/مہاجر کارڈ کی کاپیاں

5- دفتر تنظیم المدارس سے مذکورہ اشیاء پر مشتمل سر بمہر (Verified) سیل شدہ لفافہ وصول کر کے انٹر بورڈ کی مقررہ فیس مبلغ -/2430 روپے کی رسید کے ہمراہ کسی بھی قریبی IBCC کے دفتر جمع کروائیں۔

(نوٹ)

i- مصدقہ دستاویزات تاریخِ تصدیق سے چھ ماہ (180 ایام) کے اندر اندر IBCC آفس جمع کروانا لازم ہوگا۔

ii- IBCC آفس میں اُمیدوار بذات خود یا اس کا کوئی بھی خونی رشتہ دار کیس/کاغذات دستی جمع کرواسکتا ہے۔

iii- سہولت کے پیشِ نظر IBCC آفس میں دستاویزات TCS کے ذریعے بھی بھیجے جاسکتے ہیں۔

## چوتھا مرحلہ: هائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے تصدیقات:-

IBCC سے تصدیق کے بعد درج ذیل اشیاء پر مشتمل ایچ ای سی کا مکمل سیٹ بذریعہ TCS ایچ ای سی ہیڈ آفس اسلام آباد روانہ کریں

1- HEC کا حل شدہ فارم برائے سندِ معادلہ (تصدیق شدہ از جامعہ وتنظیم المدارس)

2- اُمیدوار کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی

3- درجہ عامہ تا عالمیہ اصل اسناد و رزلٹ کارڈز (مصدقہ از تنظیم المدارس)

4- درجہ عامہ تا عالمیہ اسناد و رزلٹ کارڈز کی نقول (مصدقہ از تنظیم المدارس و IBCC)

یاد رہے! تنظیم المدارس سے تصدیق شدہ عامہ وخاصہ سند کی فوٹو کاپیوں کی پشت پر ICBB سے جاری (اصل سند کی پشت پر) تصدیق کی فوٹو کاپی بھی کروانا ہوگی

5- ایچ ای سی کی مقررہ معادلہ فیس مبلغ -/2000 روپے کی چالان سلپ

(نوٹ)

سند معادلہ فیس مبلغ -/2000 روپے HEC کے HBL بنک اکاؤنٹ نمبر 17427900133401 میں بذریعہ چالان جمع کروائیں۔
واضح رہے کہ اصل دستاویزات بھی HEC آفس روانہ کرنے ہوں گے جو کہ معائنہ کرنے کے بعد آپ کے ایڈریس پر واپس روانہ کر دیے جاتے ہیں
نیز HEC فارم پر اپنا مکمل نام وایڈریس اور فون نمبر واضح درج کریں تاکہ اس کے مطابق ایکویلنس لیٹر آپ کے درست ایڈریس پر پہنچ سکے۔

### اهم اطلاع

واضح کیا جاتا ہے کہ تنظیم المدارس کے پاس IBCC/HEC کا براہ راست/ بالواسطہ کوئی بھی ایجنٹ یا ذیلی ایجنٹ نہیں ہے، لہذا کسی بھی خود ساختہ ایجنٹ یا سب ایجنٹ کے ذریعے دستاویزات جمع کروانے کی صورت میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کا ذمہ دار خود اُمیدوار ہوگا

مزید معلومات کے لیے دفتری اوقاتِ کار میں تنظیم المدارس شعبہ تصدیقات سے رابطہ کریں۔

042-37731045-49

www.tanzeemulmadaris.com

**اهم اطلاع**

اُمیدواروں کی سہولت کے لیے انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے مرکزی و صوبائی دفاتر کے ایڈریس دیے جارہے ہیں تاکہ فضلاء اپنے متعلقہ قریبی دفتر سے رجوع کرسکیں

## انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) دفاتر کے ایڈریس

| ریجنل آفس | ایڈریس | رابطہ نمبر |
|---|---|---|
| اسلام آباد | پلاٹ نمبر 25 گلی نمبر 38 سیکٹر G-10/4<br>نزد فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی اسلام آباد | 051-111 142 222 |
| کراچی | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پلاٹ نمبر ST-2<br>لیاقت میموریل لائبریری نزد PTV آفس سٹیڈیم روڈ کراچی | 021-99230583<br>021-99230585 |
| لاہور | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بلڈنگ<br>کوئین پلازہ نزد شملہ پہاڑی ڈیورنڈ روڈ لاہور | +92-42-36293013 |
| پشاور | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن<br>ریجنل آفس 13/C ابدرہ روڈ نزد شیلٹن ہاؤس، یونیورسٹی ٹاؤن پشاور | 091-9216088 |
| کوئٹہ | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن علاقائی دفتر،<br>سمگلی روڈ، کوئٹہ، بلوچستان | +92-81-826716 |

## ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) دفاتر کے ایڈریس

| صوبہ | ایڈریس | رابطہ نمبر |
|---|---|---|
| اسلام آباد | سیکٹر H-9 ایسٹ سروس روڈ اسلام آباد | 051-111 119 432 |
| کراچی | نیشنل اسٹیڈیم روڈ گلشن ٹاؤن کراچی | 021-99231076-79 |
| لاہور | 55-B/2 گلبرگ 3 لاہور | 042-99263094-96 |
| پشاور | فیز 5 حیات آباد پشاور | +92-91-9219571-76 |
| کوئٹہ | ہاؤس نمبر 61-A چمن ہاؤسنگ سکیم ایئر پورٹ روڈ کوئٹہ | +92-81-9201791 |